# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاصر نثری ادب (9032) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس اردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: مستنصر حسین تارڑ کے ناول "خس و خاشاک زمانے" میں تقسیم ِہند سے قبل اور بعد کے سیاسی و تہذیبی پس منظر کا تنقیدی جائزہ لیں اور واضح کریں کہ یہ ناول شناخت کے بحران کو کس طرح پیش کرتا ہے؟ (20)

سوال 2: مرزا اطہر بیگ کے ناول "غلام باغ" کی روشنی میں "ازل نسلوں کی تاریخ" اور اس کے اچھوتے اسلوب و تکنیک کا فکری و تجزیاتی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال 3: آصف فرخی کے افسانوی اسلوب کا تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ انہوں نے اپنے افسانوں میں معاصر سماجی سچائیوں اور انسانی نفسیات کی عکاسی کس طرح کی ہے؟ (20

سوال 4: بشیر سیفی کے انشائیوں کا اسلوبیاتی مطالعہ پیش کرتے ہوئے ان کی تحریروں میں پوشیدہ طنز و مزاح اور فکری گہرائی کی نشاندہی کریں۔ (20)

سوال 5: رشید امجد کی آپ بیتی کا فکری مطالعہ پیش کرتے ہوئے یہ ثابت کریں کہ یہ محض ایک فرد کی کہانی نہیں بلکہ ایک پورے عہد کا نوحہ ہے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: عرفان جاوید کے خاکوں کے مجموعی اسلوب، انسانی نفسیات کے مشاہدے اور جاندار کردار نگاری کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 2: سلمیٰ اعوان کے سفر ناموں میں موجود سماجی و بشریاتی شعور اور نسوانی تناظر کا تفصیلی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 3: فاطمہ ثریا بجیا کے ڈراموں میں خاندانی اقدار، تہذیبی روایات اور سماجی رشتوں کے بنتے بگڑتے روپ کا تجزیاتی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال 4: مشفق خواجہ کے خطوط کی روشنی میں ان کے علمی، تحقیقی اور تنقیدی شعور کا احاطہ کریں اور ان کے خطوط کی ادبی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال 5: ڈاکٹر یونس بٹ کی مزاح نگاری میں لفظی الٹ پھیر اور معاصر سیاسی و سماجی ناہمواریوں پر کی جانے والی جراحی کا تنقیدی مطالعہ کریں۔ (20)